Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

# Posted On Kitab Nagri


اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# عالیان کی حور

## لائبہ صدیق

طلب گار تھی خوابوں کی دنیا کی
تتلیاں اس کو پسند تھی
شہزادی تھی وہ پریوں کے دیس کی
لڑکی نہیں تھی کوئی
وہ تھی
حور

حسب معمول آج بھی وہ خوابوں کی دنیا میں گم میٹھی نیند کے مزے لے رہی تھی

جاناں اٹھ جاؤ میری جان اتنا سونا اچھا نہیں ہے دس بج گئے ہے رباب اس کے سر پر کھڑی اس کے اٹھنے کے انتظار میں تھی

اچھا نہ آپیا تھوڑی دیر اور سونے دوں پھر اُٹھ جاؤ گی

Posted On Kitab Nagri

جاناں تم بابا کو جانتی ہو اگر انہیں پتا چل گیا کہ تم اب تک سو رہی ہو تو میری خیر نہیں تم تو بچ ہی جاؤ گی

کیونکہ مجھے پتا ہے میری آپیا ہے نہ تو مجھے فکر کرنے کی کیا ضرورت ہے وہ خوش باش خوبصورت سی مسکراہٹ چہرے پر لاتے ہوئے بولی

اچھا نہ جاناں اب اٹھ جاؤ اور ہاتھ منہ دھو کر نیچے آجاؤ او کے میری پیاری آپیا میں آرہی ہو اور عادو اٹھ گیا ہے

اٹھ گیا ہے تمھارا عادو اور ناشتہ بھی کر لیا ہے اس نے اب کوئی سوال جواب نہیں جلدی سے نیچے آؤ رباب جاتے جاتے اسے غصے میں کہہ کر گئی تھی اور وہ جلدی سے فریش ہونے کے لیے واشروم میں چلی گئی

عادو۔۔۔۔۔۔۔۔خالہ کا بے بی کہا ہے حور نیچے آتے ہی زور زور سے عدیل کو آواز دینے لگی

کتنی بار کہاں ہے آہستہ بولا کرو لڑکی تمہارے بابا نے سن لیا تو تمھیں ڈانٹے گے پھر تم نے رونا شروع کر دینا ہے کہ بابا ڈانٹتے ہے۔بشری بیگم ہمیشہ کی طرح اس کے اونچا بولنے پر خفا ہو گئی

او کے ماما اب آہستہ بولو گی پکا اب یہ بتائیں عادو کہاں ہے وہ اپنی ماما سے لپٹی پیار سے بولی

ارسلان باہر لے کر گیا ہے عدیل کو تنگ کر رہا تھا کہ آئسکریم کھانی ہے

یہ کیا بات ہوئی مجھے نہیں لے کر گئے جیجو انہیں پتا ہے کہ مجھے بھی آئسکریم کھانی ہوتی ہے جب عادو کو کھانی ہو

حور ضد مت کیا کرو اب تم بچی نہیں رہی جو تمہیں باہر جا کر آئسکریم کھانی ہے اب چپ کر کے ناشتہ کرو

آپیا ناشتہ لا دو۔۔۔۔۔حور ہمیشہ کی طرح بلند آواز میں بولی

بشری بیگم کچن میں چلی گئی جہاں رباب کام میں مصروف تھی

Posted On Kitab Nagri

کچھ سمجھاؤ رباب اس لڑکی کو نہ کوئی کام کرتی ہے نہ خود ناشتہ کر سکتی ہے اور میڈم کے نخرے اٹھانے کے لیے تم بیٹھی ہو بشری بیگم فکر مند لہجے میں بولی

کوئی بات نہیں امی بچی ہے جب بڑی ہو گئی تو سمجھ جائے گی

رباب اب وہ بچی نہیں رہی بڑی ہو گئی ہے اور تم اس کی اتنی حمایت نہ کیا کرو تمہارے بابا کہہ رہے تھے بشری بیگم کچھ کہتے کہتے رک گئی

کیا کہہ رہے تھے بابا

نہیں کچھ نہیں

ماما بتائے نہ کیا کہہ رہے تھے بابا

وہ کہہ رہے تھے حور کی شادی کر دی جائے

لیکن کیوں۔۔۔ آپ جانتی ہیں اس نے ابھی مزید پڑھنا ہے اگر اس نے سن لیا تو گھر سر پر اٹھا لے گئی

آپیا ناشتہ لے بھی آؤ پیٹ کے چوہے بھوک سے مرنا شروع ہو گئے ہیں

آ گئی۔۔رباب ناشتہ حور کو دیتے ہوئے بولی

تم نے قسم کھائی ہے۔حور جان گئی تھی کہ رباب اب غصے میں ہے کیونکہ رباب جب بھی غصہ ہوتی تو حور کو جاناں نہیں کہتی تھی

کس چیز کی قسم حور نے معصومانہ انداز میں کہا

حور بچوں جیسی حرکتیں چھوڑ دو اب۔ تمہیں پتا ہے ماما کتنا پریشان ہے

تو میں نے کیا کہہ دیا ماما کو

Posted On Kitab Nagri

حور تم سے کتنی بار کہا ہے تمیز سے بات کیا کروں

آپیا غصہ تو نہ کرو

حور تم ماما کے ساتھ ساتھ اب مجھے بھی پریشان کرنا شروع ہو گئی ہو کم از کم تم اپنا ناشتہ خود بنا سکتی ہوں صبح ٹائم پر اٹھ سکتی ہو بچوں جیسی حرکتیں چھوڑ سکتی ہو لیکن تمہیں تو کچھ کرنا ہی نہیں ہے رباب غصے میں بولتی جا رہی تھی

جب ارسلان عدیل کو لے کر اندر داخل ہوا

جیجو حور نے ارسلان کو دیکھتے ہی راہ فرار حاصل کر لیا اور بھاگتے ہوئے اس کی پاس آئی جیجو آپیا کو سمجھاؤ نہ کے اتنا مت ڈانٹا کریں مجھے

ارسلان پلیز اب آپ اس کی حمایت مت کیجئے گا

رباب یار بس کرو اتنا مت ڈانٹا کرو اور تم ارسلان نے حور کو دیکھتے ہوئے کہا یہ لو آئسکریم اور ابھی آپیا سے سوری کرو

سوری آپیا

کان پکڑ کر سوری کرو ارسلان نے کہا

او کے کان پکڑ کر سوری اب تو خفا نہیں ہونا

نہیں رباب نے فکر مندی کے تاثرات چہرے پر لاتے ہوئے کہا عادو خالہ کا بے بی میرے ساتھ آئسکریم کھائے گا

ہمم عدیل نے معصومیت سے کہا

حور پہلے ناشتہ کر لو

Posted On Kitab Nagri

نہیں جیجو پہلے مجھے آئس کریم کھانی ہے وہ عادو کو اٹھاتے ہوئے کچن میں چلی گئ

رباب نے تاثرات سے بھرے چہرے سے ارسلان کی طرف دیکھا اور پھر کچن کی جانب جہاں ابھی حور گئی تھی

رباب اور ارسلان کا بچپن اکٹھے گزرا ارسلان بچپن سے احمد صاحب کے گھر رہتا تھا ارسلان احمد صاحب کے انتہائی قریبی دوست فیض اور ان کی بیگم مریم کا بیٹا تھا لیکن ایک حادثے میں ان دونوں کی ڈیتھ ہو گئی ارسلان کا اس دنیا میں کوئی نہ تھا تو احمد صاحب ارسلان کو اپنے گھر لے آئے ارسلان ایک بہت ہی پیارا بچہ تھا احمد صاحب اسے بہت پسند کرتے تھے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ روباب اور ارسلان کی دوستی محبت میں بدل گئی بشری بیگم اور احمد صاحب کے فیصلے پر دنوں کی شادی کر دی گئی ان کے ہاں ایک بہت ہی پیارا بچہ عدیل پیدا ہوا جو حور کی جان تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سر میں آئی کم ان

یس کم ان ہاں فراز بولو کوئی کام تھا

سر اگر آپ کی اجازت ہو تو مسٹر باسط وقار کے ساتھ میٹنگ فکس کر دو

کیا وہ اس پروجیکٹ پر کام کرنے کے لیے راضی ہیں

جی سر وہ تو اسی دن ہی راضی ہو گئے تھے جس دن آپ نے پروجیکٹ کا آئیڈیا دیا تھا آخر وہ میکائیل انڈسٹریز کے ساتھ کام کیوں نہیں کرنا چاہے گے

Posted On Kitab Nagri

اوکے تم میٹنگ فکس کرو

سر

یس

سر ہاسپیٹل سے کال آئی تھی

عالیان ایک دم سنجیدہ ہو گیا۔ کیا کہہ رہے تھے

وہ کہہ رہے تھے کہ سر کی حالت میں ذرا بھی تبدیلی نہیں آئی

اوکے میں دیکھ لوں گا فراز احمد جب کمرے سے باہر گیا ماضی کی تلخ یادوں نے عالیان کو پھر سے سنجیدہ کر دیا

موحد پارٹی تو بنتی ہے یار آخر کار تمہاری انگیجمنٹ ہونے جا رہی ہے وہ بھی تمہاری پسند کی لڑکی سے عامر نے موحد کو سوچوں میں گم دیکھتے ہوئے کہا

پسند تو وہ میری بچپن کی تھی اب تو بس ضد بن گئی ہے

چل ضد ہی صحیح لیکن پارٹی تو دے رہا ہے نہ

بالکل کیوں نہیں

تو پھر کل کا کیا پلان ہے

صبر کر یار ابھی امی سے پیسے تو لے لو پھر پارٹی بھی کر لیں گے

Posted On Kitab Nagri

موحد حد ہے یار ابھی بھی آنٹی سے پیسے لیتے ہو خود بھی کچھ کر لیا کرو کل کو بھابھی آ گئی تو ان کا خرچ کون اٹھائے گا

پڑھی لکھی ہے خود نوکری کرے گی کھائے گی اور مجھے بھی کھلائے گی

حیرانگی ہو رہی ہے تمہاری سوچ پر

اب صباء کو دیکھ لو اس نے بھی ماسٹر کیا ہے اب تم اس سے ساری عمر گھر کے کام کرواؤ گے موحد نے کہا

نہیں لیکن اگر اس کی مرضی ہوئی تو وہ جاب بھی کر سکتی ہے

یہی تو میں کہہ رہا ہوں حور بھی جاب کرنا چاہے گی

چاہنے اور کرنے میں فرق ہوتا ہے

اچھا بس کرو اب مجھے لیکچر دینے نہ بیٹھ جانا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حور آج میں یونیورسٹی گئی تھی صباء نے کال پر حور کو بتایا

او۔۔۔۔وحور نے او پر زور دیا اور پھر ہنسنے لگی

نہیں یار ایسی بات نہیں ہے جیسی تم سمجھ رہی ہو بور ہو رہی تھی سوچا آج یونیورسٹی چلی جاؤ اور پرانی یادوں کو تازہ کر لو

تو مجھے بھی لے جاتی گھر رہ کر میں نے کون سا قلعہ فتح کر لینا تھا

Posted On Kitab Nagri

اوکے بابا سوری اگلی بار تمھیں بھی لے کر جاؤ گی ہاں یاد آیا تم سے ایک بات پوچھنی تھی

ہاں بولو

آگے کیا سوچا جاب یا شادی

ایجوکیشن حور مسکراتے ہوئے بولی

تمہارے بابا اجازت نہیں دے گے ماسٹر کیسے کیا ہے کچھ یاد ہے کتنی مشکل سے انکل مانے تھے

آپیا اور جیجو ہے نہ وہ سنبھال لے گے

صباء اور حور بچپن کی دوست تھیں اور ہر بات ایک دوسرے سے شیئر کرتیں ہر غم اور خوشی میں ساتھ ہوتی جب صباء کی انگیجمنٹ ہوئی اس دن حور بہت روئی کہ تم ہمیں چھوڑ کر چلی جاؤں گی اور صباء کی ہنسی کنٹرول نہیں ہو رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اے خوبصورت آنکھوں والی لڑکی

سہانے خواب نہ دیکھا کر

پھول سے نازک خواب تمہارے

ٹوٹ گئے تو

بکھر جاؤں گی

صباء کے شعر کہنے پر حور کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی واہ کیا شعر تھا

Posted On Kitab Nagri

کم اون حور یہ شعر تمہارے لیے تھا

او۔۔۔۔۔۔اچھا تھا حور نے او کو لمبا کیا اوکے بائے پھر بات ہو گی اور اگر تم چاہتی ہو کہ میں تمہاری شادی میں

آؤ تو آکر بابا سے مل لینا ورنہ بھول جاؤ کے میں آؤ گی ابھی تو دو ماہ ہے شادی میں

لیکن تم بابا کو جانتی ہوں

اوکے میں کل ہی آجاؤ گی

شیشے کے سامنے کھڑا مضبوط آدمی اپنا حوصلہ بڑھا رہا تھا وقت نے کم عمری میں ہی اسے بہت کچھ سکھا دیا سنجید گی

اس کے وجود کا حصہ بن گئی تھی اس کی خوبصورت آنکھیں ہلکی داڑھی اور مونچھیں اس کی شخصیت کو واضح کرتی

اور اس بات کی عکاسی کرتی کے خوبصورت مرد اب بھی دنیا میں موجود ہے

وہ جلدی جلدی نیچے آیا اور ڈرائیور سے گاڑی نکالنے کا کہا

جی سر کہاں جانا ہے

ہاسپٹل

سر تانیہ نے ریزیگینشن لیٹر دے دیا ہے

ویری گڈ میں نہیں چاہتا کہ آفس میں جو کچھ بھی ہوا اس کا کسی کو بھی پتہ چلے

جی سر

ہمیشہ کی طرح آج بھی وہ ہوسپٹل کی بلڈنگ کو خالی نظروں سے دیکھ رہا تھا جیسے کہہ رہا ہوں بس اب اور نہیں

Posted On Kitab Nagri

حور احمد صاحب نے کمرے سے نکلتے ہی حور کو آواز لگائی

حور رو باب کے پانچ سو بار اٹھانے کے بعد اب اٹھ چکی تھی اور احمد صاحب کی آواز سن کر نیچے آئی

جی بابا

تم اپنی ڈگری لے آئی ہو

جی بابا کل جیجو کے ساتھ گئی تھی تو لے آئی تھی حور نے خوش ہو کر بتایا

شام میں تیار رہنا طفیل بھائی اور ان کی فیملی آرہی ہیں

اوکے بابا

اور ایسی حالت میں ان کے سامنے مت آنا کچھ ڈھنگ کا پہن لینا

تایا جان آرہے ہے کوئی خاص بات ہے

تمہارے رشتہ کے لیے آرہے ہیں

کیا حور نے بلند آواز میں کہا جبکہ وہ احمد صاحب کے سامنے ہمیشہ آہستہ بولتی تھی کیونکہ بشریٰ بیگم اور رباب اس سے ناراض ہو جاتی

حور نے کچن کے پاس کھڑی رباب اور بشری بیگم کی طرف دیکھا لیکن بابا مجھے ابھی شادی نہیں کرنی مجھے آگے پڑھنا ہے حور نے مضبوط لہجے میں کہا

بس جتنا پڑھنا تھا پڑھ لیا احمد صاحب غصے سے چلائے

Posted On Kitab Nagri

انکل اگر حور آگے پڑھنا چاہتی ہے تو اس میں برا کیا ہے

ارسلان جو کب سے چپ ان کی باتیں سن رہا تھا بول پڑا بشری اس سے کہہ دو کہ شام میں تیار رہے اور میں کوئی بدتمیزی نہیں چاہتا

احمد صاحب ارسلان کی بات کا جواب دیے بغیر بشری بیگم کو کہتے باہر کی جانب چل دیے

حور نے پہلے رباب پھر بشری بیگم اور ارسلان کی طرف دیکھا ننھے موتیوں کی مانند آنسو حور کی گال پر بہنے لگے

سب خاموشی سے حور کو دیکھ رہے تھے کیونکہ سب جانتے تھے کہ احمد صاحب کے آگے کسی کی نہیں چلتی تھی

موحد کہاں رہتے ہو آج کل پتا بھی ہے کہ میری شادی میں کم دن رہ گئے ہے بندہ پوچھ ہی لیتا ہے کہ کوئی کام تو نہیں ہے عامر موحد کو دیکھتے ہیں شروع ہو گیا

کام کو چھوڑو اور سنو شام کو امی ابو کے ساتھ جا رہا ہو چچا کے گھر انگیجمنٹ کی تاریخ فائنل کرنے پھر چٹ منگنی پٹ بیا موحد نے فاتحانہ انداز میں کہا

صباء بتا رہی تھی کے وہ شادی کی شوپنگ حور کے ساتھ کرے گی تو تمھارا کیا پلان ہے ہم بھی چلے ان کے ساتھ اور اس طرح تم حور سے بھی مل لو گے کب جانا ہے

کل ہی چلتے ہے میں صباء سے بات کر لو گا

ٹھیک ہے لیکن اسے یہ نہ بتانا کے میں بھی ساتھ ہو گا موحد نے اپنی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

اوکے

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

عامر اور صبا ماموں زاد کزنز ہے ان کی انگیجمنٹ بچپن سے طے تھی صبا ایک سلجھی ہوئی سادہ مزاج کی لڑکی تھی تو عامر کو اس سے کوئی شکایت نہیں تھی لیکن صباء چاہتی تھی کہ شادی ماسٹر کے بعد ہو

Posted On Kitab Nagri

روم نمبر 103 کے باہر کھڑا وہ بہت بے چین تھا

اندر چلے عالیان سر ڈاکٹر ارمان نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا

جی پلیز سامنے پڑے وجود کو دیکھ کر آج بھی اس کی آنکھیں نم ہونے لگی جیسے یہ کل کی بات ہو اس کا ہنستا مسکراتا خاندان رات ورات خاموش ہو گیا

ان کی حالت مسلسل ایسی ہی ہے نہ کوئی بات کرتے ہے اور نہ ہی ان کے وجود میں کوئی حرکت ہوتی ہے لیکن ان کی اوبزویشن اچھی ہے

ڈاکٹر کوئی تو سلیوشن ہو گا

سلیوشن بھی تب کام آئے گا اگر یہ خود ریکور کرنا چاہے لیکن اگر کوئی ایسا شخص ہے جو ان کی توجہ ایکسٹینٹ سے ہٹا دے تو یہ بہتر ہو گا اور شاید یہ ریکور بھی کر لے

نہیں ڈاکٹر میرے علاوہ تو کوئی بھی ان کے زیادہ کلوز نہیں ہے

تو آپ کوشش کیا کرے کہ دن میں ایک بار یہاں آجائے شکریہ ڈاکٹر ارمان آپ نے میری بہت مدد کی اور میں کوشش کرو گا کہ روز آسکوں

اسلام وعلیکم کیا حال ہے آنٹی صباء نے گھر میں داخل ہوتے ہی بشری بیگم کو سلام کیا

Posted On Kitab Nagri

میں ٹھیک ہو بیٹا آپ کیسی ہو

میں بھی ٹھیک ہو آنٹی

ماشاءاللہ آج تو میری بیٹی بہت خوش لگ رہی ہے

جی آنٹی یہ میری شادی کا کارڈ ہے میں آپ کو انوائٹ کرنے آئی ہو اور میں حور کو دو ہفتے پہلے لے جاؤ گی آپ نے وعدہ کیا تھا کہ شادی سے پہلے حور کو میرے ساتھ جانے دے گی یاد ہے نہ آنٹی

جی میرا بچہ مجھے یاد ہے

صباء اور بشری بیگم کی محبت شروع سے ایسی ہی تھی اور یہی وجہ تھی کہ صباء بشری بیگم سے ہر بات کھل کر کر لیتی تھی

حور کہاں ہے آنٹی

وہ اپنے کمرے میں ہے اور صبح سے کچھ نہیں کھایا اس نے اور نہ ہی کسی سے بات کر رہی ہے

جی کہہ رہی ہو گی مجھے گھر نہیں رہنا ایجوکیشن حاصل کرنی ہے

ہمم لیکن آج شام طفیل بھائی آ رہے ہے حور کے رشتے کے لیے

موحد جیسے لڑکے سے شادی کرے گی آپ حور کی آنٹی پلیز حور پر یہ ظلم تو نہ کرے کہاں موحد اور کہاں ہماری حور

میں کر بھی کیا سکتی ہو۔ ہو گا تو وہی جو احمد صاحب چاہے گے جاؤ حور سے مل لو اور اسے کچھ سمجھاؤ کم اون آنٹی اس سلسلے میں حور سے نہیں انکل سے بات کرنا بنتی ہے

حور یہ کیا پاگل پن ہے آنٹی بتا رہی ہے کہ تم صبح سے کمرے میں بند ہو اور نہ ہی تم نے کچھ کھایا ہے

Posted On Kitab Nagri

صباء حور کے کمرے میں داخل ہوتے ہی شروع ہو گئ

مجھے کسی سے بات نہیں کرنی نہ آپیا سے اور نہ ہی ماما سے

اور جیسے جو سے پیچھے سے ارسلان کی آواز آئی

آپ سے بھی نہیں

کیوں میں نے تو تمھاری حمایت کی تھی

آپ نے کب بولا کہ میری شادی اس موحد سے نہ کرے حور غصہ ہوئی

لیکن میں تمہاری ایجوکیشن کے حق میں تو ہو

لیکن آپ شادی روکنے کے حق میں نہیں لگتے

اپنی گڑیا کے لیے میں وہ بھی کرنے کو تیار ہو لیکن تم ایسے روتی ہوئی اچھی نہیں لگتی کیوں صباء میں ٹھیک کہہ رہا ہو نہ ارسلان نے جاتے ہوئے کہا

جی بھائی آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہے

کم اون حور تم ٹینشن لینے کو نہیں دینے کو بنی ہو

دیکھو میں آج خود آئی ہو تمھیں انوائیٹ کرنے اور انکل سے بات بھی کر کے جاؤ گی

صباء تم شام تک میرے پاس رک جاؤ پلیز

اوکے میں یہی ہو اور رباب آپی کدھر ہے نظر نہیں آرہی

وہ نیچے ہی ہو گی آؤ ان کے پاس چلے مجھے انہیں سوری بھی کرنا ہے ہے میں نے آج ان سے بہت روڈلی بات کی تھی حور کو خود پر غصہ آیا

Posted On Kitab Nagri

حور تم تو کہتی ہوں جو ہوتا ہے اچھے کیلیئے ہوتا ہے تو کیوں ٹینشن لے رہی ہو سب اچھا ہی ہو گا

لیکن مجھے موحد سے شادی نہیں کرنی

اللہ تعالی پر یقین رکھو قرآن مجید میں اللہ تعالی فرماتے ہیں

"ناپاک عورتیں ہیں ناپاک مردوں کے لیے اور ناپاک مرد ہیں ناپاک عورتوں کے لیے اور پاک عورتیں ہیں پاک مردوں کے لیے اور پاک مرد ہیں پاک عورتوں کے لیے"

پروردگار تمہارے لئے بھی رستہ نکال دے گا

انشاءاللہ

حور اب کافی حد تک ریلیکس ہو گئی تھی

مجھے اپنی بے عزتی کا بدلہ لینا ہے وہ غصے میں سارے کمرے کی حالت بگاڑ چکی تھی

میں نے اس سے اتنی محبت کی اس کے لئے کیا نہیں کیا اس کے لئے میں نے وہ گھٹیا جاب تک کی لیکن اس نے مجھے بے حیا بدکردار بولا اور میری توہین کی بہت دیکھی ہے مجھ جیسی لڑکیاں مجھ جیسی اس نے خود کو شیشہ میں دیکھتے ہوئے کہا

عالیان میں تمہیں چھوڑوں گی نہیں تانیہ حیات اپنی بے عزتی کا بدلہ ضرور لے گی وہ زور سے چلائی

Posted On Kitab Nagri

موحد طفیل صاحب اور آمنہ کے ساتھ اندر داخل ہوا

احمد صاحب نے بہت خوش ہو کر ان کا استقبال کیا طفیل صاحب بہت کم ہی احمد کے گھر آتے تھے

رباب حور کو بولو کہ چائے لے کر آئے

جی بابا

حور بہت خوبصورت لگ رہی تھی ہلکا پھلکا میک اپ اس کی خوبصورتی بڑھا رہا تھا

حور بابا.......رباب اپنی دھن میں کمرے میں داخل ہوئی تھی حور کو دیکھ کر چپ ہو گئی

کیا ہوا آپیا

کچھ نہیں ماشاءاللہ نظر نہ لگے میری گڑیا کو بہت پیاری لگ رہی ہوں

شکریہ آپیا

تایا جان آگئے ہیں نیچے آجاؤ اور ہاں چائے بھی لیتی آنا نہیں آپیا وہ آپ لے جاؤ مجھ سے یہ فراک نہیں سنبھالی جا رہی اور چائے نہ بابا نا

اوکے وہ میں لے جاتی ہوں رباب نے مسکراتے ہوئے کہا اسلام علیکم حور نے نیچے آتے سب کو سلام کیا

وعلیکم السلام میری بچی یہاں آؤ تایا کے پاس

حور چپ چاپ آکر طفیل صاحب کے پاس بیٹھ گئی

بڑوں نے خوب باتیں کی اور منگنی کی تاریخ دس دن بعد کی فائنل کی گئی اس سارے وقت میں موحد کی نظر ایک پل کے لئے بھی حور سے نہ ہٹیں لیکن حور بھی حور تھی ایک بار نظر اٹھا کر موحد کو نہ دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کل صباء اور حور شاپنگ کے لیے آ رہی ہیں عامر نے موحد کو بتایا

صباء کے بہت اصرار پر احمد صاحب نے حور کو لے جانے کی اجازت دے دی

اس نے ایک پل کے لئے بھی نظر اٹھا کر مجھے نہیں دیکھا پتہ نہیں خود کو کیا سمجھتی ہے بہت جلد اکڑ ختم ہو جائے گی میڈم کی موحد عامر سے گویا ہوا

ان کے جاتے ہی حور ہیوی فراک اتار کر اپنے پہلے جیسے حلیے میں آ گئی شارٹ قمیض اور جینز شروع سے اس کا پسندیدہ رہا تھا وہ عدیل کو اٹھائے گارڈن میں چلی آئی آنی ماما کہہ رہی تھی جو لوگ آج آئے تھے آپ ان کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے چلی جائیں گی

نہیں خالہ کی جان کیا آپ نے کبھی دیکھا ہے کوئی مونسٹر حور کو اپنے ساتھ لے گیا ہوں

نہیں مونسٹر سے لڑنے کے لیے پرنس ہوتا ہے اور وہ اپنی پرنسز کو بچا لیتا ہے عدیل نے اپنے کارٹون کی داستان سنائی

بالکل

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

تو اس کا مطلب ہے آپ کو بچانے کے لیے بھی پرنس آئے گا یس آپ کی خالہ کے لیے بھی پرنس آئے گا

کب آئے گا عدیل نے اپنی شہادت کی انگلی گال پر رکھتے ہوئے کہا تے

بہت جلد حور نے مسکرا کر کہا

حور صباء نے حور کو آواز لگائی

Posted On Kitab Nagri

تم اتنی جلدی آ گئی تم نے تو گیارہ بجے آنا تھا ابھی تو صرف ساڑھے دس ہوئے ہیں

کم اون حور صرف تیس منٹ پہلے ہی آئی ہوں اب چلو بھی بہت ساری شاپنگ کرنی ہے ورنہ دیر ہو جائے گی

شاپنگ سینٹر پہنچتے ہیں صبا نے شاپنگ سٹارٹ کر دی تین گھنٹے شاپنگ کرنے کے بعد اب وہ کیفے ٹیریا میں بیٹھی تھی

اسلام علیکم عامر نے دونوں کو دیکھتے سلام کیا

وعلیکم السلام عامر بھائی کیسے ہیں حور نے خوش ہو کر کہا جب کہ صباء چپ چاپ بیٹھی رہی

میں ٹھیک آپ سناؤ سالی صاحبہ کیسی ہے اور مبارک ہو اب تو آپ میری بھابھی بننے والے ہیں

حور کے چہرے سے مسکراہٹ غائب ہو گئی جب اس کی نظر پیچھے کھڑے موحد پر پڑی

ہیلو بیوٹیفل لیڈیز موحد کی آواز حور کے کانوں میں گونجی

صباء مجھے گھر جانا ہے حور اٹھ کھڑی ہوئی

لیکن حور

صباء میں نے کہا مجھے گھر جانا ہے

اوکے

اگر زیادہ جلدی ہے تو میں گھر چھوڑ آؤ موحد نے آگے بڑھ کر کہا

نہیں شکریہ میں صباء کے ساتھ چلی جاؤنگی حور نے خود کو نارمل کرنا چاہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کم اون حور میں تمہارا ہونے والا شوہر ہوں اگر میں تمہیں چھوڑ بھی آؤ تو تمہیں کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے لیکن مجھے تمہارے ساتھ نہیں جانا صباء کو اندر چھوڑتے ہوئے حور کیفیٹیریا سے باہر نکل آئی موحد نے حور کا راستہ روک لیا

مجھے گھر جانا ہے ڈونٹ ورئی میں تمہیں گھر ہی چھوڑ کر آؤں گا لیکن پہلے تھوڑی چائے کافی ہو جائے تو کیا خیال ہے تمہارا

موحد سائڈ پر ہو جاؤ ورنہ میں نے چلانا شروع کر دینا ہے اب تم چلاؤں گی اوکے چلاؤ میں بھی دیکھوں کون ہے تمہاری سننے والا

ہیلپ ہیلپ یہ لڑکا مجھے تنگ کر رہا ہے حور نے زور زور سے چلانا شروع کر دیا

حور بس کر جاؤ میں جا رہا ہوں حور چپ کر جاؤ لیکن تب تک دیر ہو چکی تھی بہت سے لوگ ارد گرد جمع ہو گئے

یہ لڑکا مجھے تنگ کر رہا ہے حور نہ معصومانہ انداز میں کہا اور خود کیفے ٹیریا میں چلی گئی جہاں صبا بیٹھی تھی

حور موحد کہاں ہے عامر جو صباء سے باتیں کرنے میں مصروف تھا حور کو اکیلا دیکھ کر بولا

وہ........وہ شاید باہر اس نے کسی لڑکی کو چھیڑا تھا اب مار کھا رہا ہے حور نے معصومیت بھرے لہجے میں کہا اور صباء کے ساتھ آکر گاڑی میں بیٹھ گئی جبکہ عامر موحد کو بچانے کے لیے بھاگا

گاڑی میں بیٹھتے ہی حور نے زور زور سے ہنسنا شروع کر آیا بڑا ہیرو مجھے چھوڑ کے آئے گا گھر اب لوگ تمہیں چھوڑیں گے تو پتہ چلے گا صباء حور کو چپ چاپ ہنستے ہوئے دیکھ رہی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی کہ وہ بچپن سے ایسی تھی

Posted On Kitab Nagri

ہیلو ذوہیب مجھے تمہاری مدد چاہیے تانیہ نے فون پر زوہیب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا

ہاں ضرور بولو کیا کام ہے

مجھے عالیان میکائیل کے بارے میں مکمل انفارمیشن چاہیے ایجوکیشن فیملی ریلیشن شپ

each and everything

کچھ دن کا ٹائم دو ہو جائے گا

آپیا صرف کل کا دن رہ گیا ہے پھر مجھے پھانسی کے پھندے پر لٹکا دیا جائے گا

کچھ نہیں ہوتا حور ابھی تو صرف منگنی ہونی ہے

ہاں پھر بعد میں صرف شادی ہونی ہے حور غصہ ہوئی

کچھ نہیں ہوتا میری جان اللہ تعالی سب بہتر کرے گا

اللہ تعالی اب تو سب آپ کے حوالے حور نے التجائیہ نظروں سے آسمان کی جانب دیکھا

Posted On Kitab Nagri

کبھی کبھی ہم وقت کی رفتا کا اندازہ ہی نہیں کرپاتے جس تیزی سے ہم وقت سے دور بھاگنے کی کوشش کرتے ہے وقت اتنی تیزی سے ہماری طرف آتا ہے

سمپل فراک پر ہیوی دوپٹہ لیے بالوں کو دنوں کندھوں پر آزاد چھوڑے لائٹ میک اپ میں وہ بالکل شہزادی لگ رہی تھی وہ شہزادی جو اپنے پرنس کے انتظار میں تھی کہ کب وہ آئے گا اور اسے مانسٹر سے بچائے گا

منگنی کی رسم ادا کی گئی

احمد میں چاہتا ہو کہ شادی ایک مہینے بعد کی جائے منگنی کے بعد سال دو سال کا وقفہ مجھے اچھا نہیں لگتا

جی بھائی جیسا آپ چاہے

حور نے سر اٹھا کر اپنے بابا کو دیکھا لیکن کچھ نہ بولی اچانک حور کی نظر موحد پر پڑی جو خبیث سی مسکراہٹ سجائے حور کو دیکھ رہا تھا جیسے کہہ رہا ہو کیسا لگا میرا بدلہ

بابا مجھے موحد سے شادی نہیں کرنی آپ چاہتے تھے کوئی بدتمیزی نہ ہو دیکھیں میں نے کوئی بدتمیزی نہیں کی لیکن میں اس سے شادی نہیں کروگی یہ تو سارا خاندان جانتا ہے کہ موحد کیسا لڑکا ہے طفیل صاحب کے جانے کے بعد حور احمد صاحب سے مخاطب ہوئی

اب ایک لفظ بھی مت نکالنا اپنے منہ سے۔۔بے جا لاڈ پیار کا نتیجہ دیکھ رہی ہے بشری بیگم

صیحیح تو کہہ رہی ہے حور موحد کیسا لڑکا ہے یہ تو آپ بھی جانتے ہے پھر کیوں اپنی بیٹی کی زندگی تباہ کرنے لگے ہے

بس بشری بیگم مجھے کچھ نہیں سننا

اگر تمھیں شادی نہیں کرنی تو وہ رہا دروازہ دفع ہو جاؤ مر گئے سارے گھر والے تمھارے لیے

Posted On Kitab Nagri

بابا

مت کہو مجھے بابا

ٹھیک ہے بابا اگر آپ اپنی بیٹی کو دلدل میں دھکیلنا چاہتے ہے تو میں شادی کے لیے تیار ہو لیکن

کیا لیکن احمد صاحب نے حور کی طرف دیکھا

اگر کل کو میں مر گئی تو میری آخری خواہش یہ ہے کہ میرے بابا کو میرا منہ تک نہ دیکھنے دیا جائے جیجو آپ مجھ سے وعدہ کرے کہ آپ میری بات مانے گے پلیز جیجو پلیز حور مسلسل رو رہی تھی

احمد صاحب کے چہرے کا رنگ پھیکا پڑ گیا آخر بیٹی تو وہ ان کی تھی

صبا بیٹا آ کر مہندی لگوا لو

جی ماما حور کو کال کر کے آ رہی ہو

ہیلو حور آج آ رہی ہو نہ دو ہفتے پہلے آنے کا وعدہ کیا تھا تم نے اور دیکھو آج مہندی ہے اور تم ابھی تک نہیں آئی

پتا نہیں

کیا مطلب پتا نہیں کب تک ایسے چلتا رہے گا حور ویسے بھی آج نہیں تو کل شادی تو ہونی ہی تھی تو کیا گارنٹی تھی کہ جس لڑکے سے تمھاری شادی ہوتی وہ اچھا ہی ہوتا

مجھے کچھ نہیں سننا

لیکن اگر آج نہ آئی تو میں تمھیں کبھی معاف نہیں کرو گی بائے

Posted On Kitab Nagri

ماما مجھے فرینڈز کے ساتھ جانا ہے بس

نہیں میں تمھیں اکیلے نہیں جانے دو گی

ماما اکیلی تو نہیں ہو ساری فرینڈز ساتھ ہے اور اب میں بڑی ہو گئی ہو

کیا ہو گیا ہے کیوں بحث ہو رہی ہے عالیان نے پیار سے عائزہ کو اپنے ساتھ لگاتے پوچھا

دیکھے نہ بھائی ماما مجھے فرینڈز کے ساتھ نہیں جانے دے رہی

جانا الگ بات ہے لیکن وہاں رہنے کی اجازت میں نہیں دوں گی شازیہ بیگم بولی

کچھ نہیں ہوتا ماما بچی نہیں ہے جانے دے یہی تو عمر ہے اس کی انجوائے کرنے کی

تھینک یو بھائی

لیکن شازیہ بیگم ابھی بولنے ہی لگی تھی کہ عائزہ شروع ہو گئی

آپ دنیا کے سب سے اچھے بھائی ہے تھینک یو سو چ میں ابھی اپنی فرینڈز کو بتا کر آتی ہو عائزہ بھاگتی ہوئی کمرے کی طرف گئی

عالیان یہ سب کیا ہے تم اسے بگاڑ رہے ہو

ڈونٹ وری مائے بیوٹی فل موم جب وہ بڑی ہو گی تو خود ہی سمجھ جائے گی

یہی تو میں کہہ رہی ہوا بھی وہ چھوٹی ہے

نہیں اب اتنی بھی چھوٹی نہیں ہے عالیان نے مسکراتے

Posted On Kitab Nagri

ہوئے کہا

ماضی کی یاد نے عالیان کو ڈسٹرب کر دیا

حور شکر ہے کہ تم آگئی

آنا تو تھا ہی سوچا اپنی نہ صحیح بیسٹ فرینڈ کی شادی ہی انجوائے کر لی جائے

یہ بھی اچھا کیا کہ سوچ لیا

صباء حور زور سے چلائی

اچھا نہ یہ دیکھو میری مہندی کیسی لگی

بہت پیاری حور نے دل سے تعریف کی

چلو کمرے میں چلتے ہیں

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

مہندی کا فنگشن رات دیر تک چلتا رہا حور اور صباء نے خوب انجوائے کیا اور وقفے وقفے سے رونے کا سلسلہ بھی جاری رہا کبھی حور کی طرف سے تو کبھی صبا کی جانب سے

صبح ہوتے ہی صباء اور حور پارلر کے لیے نکل گئ

صباء میری جان تم بہت پیاری لگ رہی ہو میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ تم اتنی پیاری لگو گی

سچی

ہاں میری جان سچی

حور میں بہت کنفیوز ہو رہی ہو کچھ سمجھ نہیں آ رہا

کنفیوز کس لیے میری جان آج تو تمھارا دن ہے انجوائے کرو پوچھو گی تم سے جب تمھاری باری آئے گی دیکھ لینا میں اپنے نکاح پر بہت خوش ہو گی کیونکہ میرا پرنس میرے لیے خوشیوں کی وجہ ہو گا

Posted On Kitab Nagri

آئی نو تم یہ موحد کے لیے تو نہیں کہہ رہی

بالکل میں مونسٹر کی نہیں پرنس کی بات کر رہی ہو حور نے مسکراتے ہوئے صباء کی جانب دیکھا

بارات آ گئی ہر طرف شور تھا صباء کا دل زور سے دھڑکا اس نے حور کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ لیا

مولوی صاحب اندر آئے اور پھر نکاح پڑھا گیا

مبارک ہو۔ حور صباء کے گلے لگ کر رونے لگی آج تم سچ میں مجھے چھوڑ کر جا رہی ہو

حور کو روتا دیکھ صباء کی آنکھوں میں بھی آنسو آ گئے

رباب نے دنوں کو چپ کروایا اور حور کو باہر بھیج دیا تاکہ صباء ریلکس ہو جائے ورنہ حور کے ہوتے ہوئے ایسا ممکن نہیں تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہیلو تانیہ عالیان کے بارے میں معلومات مل گئی ہے

گریٹ

عالیان کی چھوٹی سی فیملی تھی جس میں شازیہ جو عالیان کی والدہ تھی اور میکائیل والد اور ایک بہن تھی

تھی کا کیا مطلب

آج سے پانچ سال پہلے ان کی فیملی کا ایکسیڈینٹ ہوا تھا شازیہ اور عائزہ کی ڈیتھ ہو گئی تھی اور عالیان بچ گیا تھا اور مسٹر میکائیل

Posted On Kitab Nagri

مسٹر میکائیل اس وقت ساتھ نہیں تھے جب انہیں یہ نیوز ملی تو وہ فزیکلی سٹیبل نہ رہ سکے اور وہ عالیان سے بھی بدگمان ہے

اور وہ کیوں

اس کی وجہ تو مجھے بھی معلوم نہیں

او کے تھینک یو

ہیلو بیوٹی فل موحد حور کو اکیلے کھڑا دیکھ کر ادھر آ گیا

کہا جا رہی ہو حور کو آگے بڑھتا دیکھ موحد پھر مخاطب ہوا

خودکشی کرنے جا رہی ہو کیا تمھیں بھی جانا ہے

نہیں سویٹ ہارٹ ابھی تو ہم نے اکٹھے زندگی گزارنی ہے دیکھو نہ یہ دنوں کتنے پیارے لگ رہے ہے موحد نے سٹیج پر بیٹھے عامر اور صباء کی طرف اشارہ کیا

مجھ سے شادی کے خواب چھوڑ دو میں مر جاؤ گی لیکن تم سے شادی نہیں کرو گی

سویٹ ہارٹ میں تمھیں مرنے نہیں دوں گا اگر مرے گے تو دنوں اکٹھے مرے گے

یا اللہ اسے ابھی اٹھالے حور زور سے کہتے ہوئے بھاگ گئی

صباء کی رخصتی کے بعد حور اور باقی سب گھر کے لیے نکلے لیکن احمد صاحب طفیل کے بلانے پر موحد کے ساتھ ان کے گھر جانے لگے تھے جب حور مخاطب ہوئی

Posted On Kitab Nagri

بابا آپ ہمارے ساتھ نہیں جارہے حور نے احمد صاحب سے پوچھا کیونکہ حور کو خطرے کا احساس ہوا جب موحد نے بتایا کے احمد صاحب کو طفیل صاحب نے بلایا ہے

نہیں میں بعد میں آجاؤ گا

بابا جلدی آیئے گا میں انتظار کروگی حور نے مسکراتے ہوئے کہا

ٹھیک ہے

صباء تم میری زندگی کا سب سے قیمتی اثاثہ ہو میں نے بچپن سے لے کر اب تک تمہارے علاوہ کسی کے بارے میں نہیں سوچا عامر صباء سے اپنی محبت کا اظہار کررہا تھا

مجھے خوشی ہے کہ اللہ نے میرا نصیب آپ کے ساتھ لکھا اللہ حور کی بھی مدد فرمائے معاف کیجئے گا لیکن آپ کا وہ دوست موحد کسی کام کا نہیں ہے حور کی تو زندگی ہی برباد ہو جانی ہے سچی

صباء میں تم سے اپنے بارے میں بات کررہا ہو اور تم موحد اور حور کو لے کر بیٹھ گئی ہو عامر خفا ہوا

اوکے سوری اب ہم ان کے بارے میں بات نہیں کریں گے

تو کیا خیال ہے گھومنے کے لیے کہا جایا جائے

میری خواہش ہے کہ ہم خانہ کعبہ کی زیارت کے لیے جائے کافی نیک خیال ہے بیگم آپ کے

بیگم کہنے پر صباء شرما گئی

شرماتی ہوئی کافی اچھی لگتی ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

رباب آنٹی کو لے کر آؤں ہاسپٹل جانا ہے ارسلان بہت جلدی جلدی میں گھر داخل ہوا

کیوں کیا ہوا ارسلان سب ٹھیک تو ہے رباب اور حور پریشان ہو گئی

انکل کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے حالت کافی سیریس ہے

رباب کی تو جیسے جان ہی نکل گئی ہو

جیجو مجھے بھی جانا ہے مجھے بھی بابا سے ملنا ہے پلیز جیجو حور رونے لگی

نہیں حور بیٹا آپ گھر رکو اور عادو کا خیال رکھنا ابھی صرف رباب اور آنٹی ہی میرے ساتھ جائیں گے

بابا انکل کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے حالت کافی سنجیدہ ہے ایمبولینس لی گئی ہے آجائے ہم بھی چلتے ہیں

بابا موحد نے اپنے باپ کو پکارا آپ آج یا کل تک میرا اور حور کا نکاح کروادیں ورنہ اگر کل کو انکل کی ڈیتھ ہو گئی تو یہ نکاح پھر کبھی نہیں ہو سکتا

ایسے کیسے نہیں ہو سکتا حور اور تمہاری منگنی ہوئی ہے نکاح تو ہو کے رہے گا بیس دن بعد ہونا ہے تو کیوں نہ آج ہی ہو جائے

Posted On Kitab Nagri

یا اللہ میرے بابا کو اپنے امان میں رکھنا مجھے بابا سے ملنا ہے کیا کروں حور خود سے مخاطب ہوئی دو گھنٹے گزر گئے ہیں اور مجھے کوئی خبر نہیں ہے

فون پر جیجو کالنگ لکھا نظر آیا حور نے جلدی سے فون اٹھالیا

جیجو بابا کیسے ہیں وہ ٹھیک تو ہے نا

اب خطرے سے باہر ہیں اور انہیں روم میں شفٹ کر دیا ہے عادو تمہیں تنگ تو نہیں کر رہا

نہیں وہ سو رہا ہے

ٹھیک ہے اپنا خیال رکھنا اور میں رباب اور آنٹی کو چھوڑ جاتا ہو

اوکے

بابا میں انتظار کروں گی۔بابا مجھے شادی نہیں کرنی۔بابا میں مر جاؤں گی۔میری آخری خواہش ہے کے بابا کو میرا چہرہ نہ دکھایا جائے بہت ساری آوازیں احمد صاحب کے کانوں میں گونجنے لگی حور میری بچی احمد صاحب کی آنکھ کھل گئی

حور کہاں ہے حور کو سامنے موجود نہ پاکر احمد صاحب نے کہا

بابا وہ تو گھر ہے

اسے یہاں لے آؤ مجھے اس سے ملنا ہے

رباب تم انکل کے پاس رکو میں حور کو لے کر آتا ہو

احمد کیسے ہو تم یہ سب کیا ہو گیا طفیل صاحب آتے ہی شروع ہو گئے

بہتر ہو بھائی

Posted On Kitab Nagri

یہ خبر سن کر تو میں ڈر ہی گیا تھا لیکن شکر ہے تم ٹھیک ہو

بھائی میں چاہتا ہوں حور اور موحد کی شادی ابھی احمد صاحب نے بات پوری نہیں کی تھی کہ طفیل بول پڑا

احمد میں بھی یہی چاہتا ہوں کے موحد اور حور کا نکاح ابھی تمہارے سامنے کر دیا جائے کیا پتا تم کل کو حور کی شادی دیکھ سکوں زندگی اور موت تو اللہ کے ہاتھ میں ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ تم ساری خوشیاں دیکھ کر جاؤ

احمد صاحب اپنے بھائی کو دیکھ رہے تھے جن کو ان کی حالت کی نہیں بلکہ اپنے بیٹے کی نکاح کی پڑی تھی

بھائی صاحب میں حور کا نکاح موحد کے ساتھ نہیں کروں گا آخر احمد صاحب بول پڑے

کیوں طفیل صاحب سنجیدہ ہو گئے

میں اپنی بیٹی کا نکاح وہاں کروں گا جہاں وہ چاہے گی اور ویسے بھی حور اور موحد کا کوئی جوڑ نہیں لیکن مجھے یہ سمجھنے میں دیر ہو گئی

احمد ایسے کیسے تم یہ رشتہ ختم کر سکتے ہو اگر یہ نکاح نہ ہوا تو سمجھنا کہ میں تمہارے لئے مر چکا ہو

بھائی جان مر تو آپ تب ہی چکے تھے جب والد صاحب کی میت کے سامنے کھڑے ہو کر آپ نے جائیداد کی علیحدگی کا اعلان کیا تھا

بس موحد چلو بہت سن لی اس کی بکواس

جیجو آپ اتنی جلدی میں مجھے یہاں لے کر آئے ہیں سب خیریت تو ہے نہ میرا دل گھبرا رہا ہے

سب ٹھیک ہے گڑیا بس انکل تم سے ملنا چاہتے ہیں تو تمہیں لے آیا

Posted On Kitab Nagri

تم لوگ اندر چلو میں کچھ دیر میں آتا ہوں

اوکے جیجو

بائے بابا

بائے بیٹا بابا ابھی آتے ہیں

روم نمبر وہ تو میں پوچھنا ہی بھول گئی ایکسکیوز می احمد صاحب جن کا آج ایکسیڈنٹ ہوا ہے ان کا روم نمبر بتا دیں حور ریسیپشنسٹ سے گویا ہوئی

ون زیرو تھری

تھینک یو

ماما کہاں ہیں مجھے ماما کے پاس جانا ہے

اوکے عادو ہم ماما کے پاس ہی جا رہے ہیں

حور کمرے میں داخل ہوئی کمرے میں مکمل خاموشی تھی خاموش وجود وینٹی لیٹر پر کمبل لپیٹے ہوئے تھا

بابا حور نے لیٹے ہوئے وجود کا ہاتھ پکڑا

بابا آپ ٹھیک ہے دیکھیے آپ کی حور آپ کے پاس ہے اٹھ جائیں حور نے لیٹے ہوئے وجود کے سینے پر اپنا سر رکھ دیا لیٹے ہوئے وجود نے اپنا ہاتھ حور کے سر پر رکھا حور جلدی سے سیدھی ہوئی بابا.......ابھی حور کچھ کہتی کے اس کی نظر لیتے ہوئے وجود کے چہرے پر پڑی جس سے اب کمبل اتر چکا تھا

سوری انکل مجھے لگا کے میرے بابا ہے حور نے روتے ہوئے اپنے آنسو صاف کیے حور کا ہاتھ اب بھی لیٹے ہوئے وجود کے ہاتھ میں تھا

Posted On Kitab Nagri

کچھ پل میں حور نے اپنا ہاتھ ان کے ہاتھ سے آزاد کروایا اور پھر کھڑی ہوئی اور سوری کرتی باہر کی جانب نکل گئی

جیجو حور نے ارسلان کو دیکھتے ہوئے کہا

میں کب سے تمھیں ڈھونڈ رہا ہوں یہاں کیا کر رہی ہو چلو اب انکل انتظار کر رہے ہے

بابا حور احمد صاحب کو دیکھتے ہی ان سے لپٹ گئی

بابا آپ ٹھیک ہے نہ آپ کے ایکسیڈینٹ کی خبر سن کر میری تو جان ہی نکل گئی تھی حور نے روتے ہوئے بتایا

بابا مر جاتے تو اچھا تھا موحد سے شادی نہ کرنا پڑتی احمد صاحب اپنی بیٹی کا امتحان لے رہے تھے

بابا آپ کی حور ایسی نہیں ہے اپنی ایجوکیشن کو بھلا کر اس موحد سے شادی کر تو رہی ہو پھر کیوں ایسی باتیں کرتے ہے حور زیادہ رونے لگی

لیکن میں چاہتا ہوں کہ میری حور اس آوارہ سے شادی نہ کرے

حور روتے روتے ایک دم چپ ہو گئی بابا...... حور نے آہستہ آواز میں کہا

ہاں میری بچی میں نے طفیل بھائی کو شادی کے لیے منع کر دیا ہے میں نے بہت کوشش کی کہ طفیل بھائی اور میں ایک خاندان کی طرح رہیں لیکن آج بھی ان کی سوچ ویسی برسوں پرانی ہے وہ صرف اپنے بارے میں سوچتے ہے

آپ میرے بہت اچھے بابا ہے حور روتے ہوئے مسکرا دی

آپ سب گھر جاؤ میں ہو یہاں انکل کے پاس ارسلان نے کہا

جیجو مجھے بھی یہی رہنا ہے

میں نے کہا کہ آپ سب گھر جا رہے ہوں اس کا مطلب ہے کہ گھر جا رہے ہو

Posted On Kitab Nagri

جیجو

کوئی جیجو نہیں اب جاؤ

عالیان سر خوشی کی خبر ہے میکائیل سر نے ریسپونس دیا ہے وہ ریکور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ڈاکٹر ارمان نے عالیان کو دیکھتے ہوئے کہا

اس کا مطلب ہے وہ جلد ہی ٹھیک ہو جائیں گے لیکن یہ ممکن کیسے ہوا عالیان نے خوش ہوتے ہوئے پوچھا

میں میکائیل سر کی پروگریس دیکھنے کے لئے روز سی سی ٹی وی فوٹیج چیک کرتا ہوں آج ایک لڑکی ان کے پاس دس منٹ کے لیے بیٹھی رہی تھی اور میکائیل سر نے اپنا ہاتھ اس کے سر پر رکھا تھا

لڑکی.......کون تھی وہ عالیان حیران ہوا

اس کے والد کا ایکسیڈنٹ ہوا ہے ان سے ملنے آئی تھی شاید غلطی سے اس روم میں آ گی تھی

اوکے تو آپ اس کو ڈیڈ کی دیکھ بھال کے لئے رکھ لے

وہ ایسے کیسے میکائیل سر کی دیکھ بھال کے لئے آ سکتی ہے

اس کام کے لیے اس کی رضامندی ضروری ہے

ڈیڈ کی دیکھ بھال کے لیے کسی کی رضامندی میرے لئے میٹر نہیں کرتی۔ آپ بلائے اس لڑکی کو اور بات کر کے

اوکے میں دیکھتا ہوں اس معاملے کو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

صباء میں تمہیں بتا نہیں سکتی کہ میں کتنا خوش ہوں آج بابا نے خود کہا ہے کہ وہ لڑکا میرے قابل نہیں ہے

صباء حور کی خوشی کا اندازہ لگا سکتی تھی ہمیشہ خوش رہو دیکھا اللہ نے تمھارے لیے راستہ نکال ہی دیا۔

بے شک اگر خدا چاہے تو سب ممکن ہے شکریہ اللہ تعالی جی حور نے آسمان کو دیکھتے ہوئے کہا اور تم بتاؤ کب جا رہی ہوں اللہ تعالی کے گھر

بہت جلدی انشاء اللہ

او کے بائے میرے لئے بھی دعا کرنا

بائے اللہ تمہیں ایسے ہی خوش رکھے آمین صباء نے حور کے لیے دل سے دعا کی

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ایکسکیوز می آپ احمد سر سے ملنے آئے ہیں ڈاکٹر ارمان نے ارسلان سے پوچھا

جی

مجھے آپ سے کچھ بات کرنی تھی

بولیے میں سن رہا ہوں

کل جو لڑکی آپ کے ساتھ آئی تھی کیا وہ آپ کی بہن ہے سوری غلط مت سمجھئے گا ہمارے ایک پیشنٹ ہے جو ایک حادثے کے بعد فزیکل سٹیبل نہیں ہے اور نہ ہی ریکور کر سکے ہے

لیکن اس لڑکی سے ملنے کے بعد انہوں نے اچھا رسپانس دیا ہے شاید وہ کل غلطی سے ان کے روم میں چلی گئی تھی

کیا آپ اس پیشنٹ سے ملنا چاہیں گے

جی.........میں ارسلان کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کیا جواب دے

میکائیل سر کو تو آپ جانتے ہی ہوں گے

میکائیل.......میکائیل انڈسٹریز کے آنر جن کی انڈسٹریز آج کل ان کا بیٹا رن کر رہا ہے

Posted On Kitab Nagri

جی بالکل وہی

تو آپ حور سے کیا چاہتے ہیں

حور........ڈاکٹر ارمان نے نام دہرایا

جی۔حور میری سالی ہے

آپ احمد سر سے بات کریں کہ حور کو ایک گھنٹے کے لیے میکائیل سر کے پاس رہنے دیں مجھے یقین ہے کہ وہ جلد ریکور کر لیں گے

میں کوشش کروں گا لیکن مجھے نہیں لگتا کہ وہ مانیں گے

پلیز آپ بات تو کریں

اوکے

حور چلو ہاسپٹل چلے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیجو بابا گھر واپس کب آئیں گے

ابھی ہم انکل سے ملنے نہیں جا رہے کسی اور کام سے جا رہے ہیں

اور کام اور وہ کیا ہے

کیا کل تم کسی انکل سے ملی تھی جو فزیکلی اسٹیبل نہیں تھے

کل.......حور نے سوچتے ہوئے کہا.جی وہ روم نمبر ون زیرہ تھری والے انکل

ہاں وہی تم جانتی ہو کہ وہ کون ہے

Posted On Kitab Nagri

نہیں۔کون ہے وہ

وہ میکائیل سر ہے۔میکائیل انڈسٹریز کے اونر ایک حادثے میں ان کی فیملی کی ڈیتھ ہو گئی اور وہ خود کو سنبھال نہیں سکے

لیکن وہ تو ٹھیک لگ رہے تھے

نہیں۔کل تم سے ملنے کے بعد انہوں نے رسپانس شو کیا تو ڈاکٹر ارمان چاہتے ہے کہ تم کچھ دن انکل سے ملنے آتی رہو

ڈاکٹر ارمان میکائیل سر کے ڈاکٹر ہے اور ان کے کہنے پر میں نے انکل سے بات کی تھی کہ حور کو ایک گھنٹے کے لیے میکائیل سر کے پاس رہنے دیں تو انکل نے کہا کہ حور سے پوچھ لو جیسا وہ چاہے

یہ بات بابا نے کہی ہے

جی

نہیں جیجو بابا کبھی ایسا نہیں کہہ سکتے انہوں نے صاف منع کر دیا ہونا ہے

نہیں انہوں نے یہی کہا ہے اب چلو چلے

بابا وہ ایسے کیسے رشتہ توڑ سکتے ہے حور سے میری منگنی ہوئی ہے

چھوڑو ایسے لوگوں کو ہم تمہاری شادی کسی اچھی سی لڑکی سے کریں گے

نہیں بابا مجھے حور سے ہی شادی کرنی ہے

Posted On Kitab Nagri

کیا حور حور کی رٹ لگا رکھی ہے جب ایک بار کہہ دیا کہ تمہاری شادی اس سے نہیں ہو گی تو اس کا مطلب ہے کہ نہیں ہو گی طفیل صاحب کا ردعمل دیکھ کر موحد چپ ہو گیا

حور میں تمہیں کبھی خوش نہیں رہنے دوں گا موحد نے خود کلامی کی

حور یہ ڈاکٹر ارمان ہے میکائیل سر کے ڈاکٹر

اسلام وعلیکم

وعلیکم السلام مس حور ارسلان نے آپ کو یہاں آنے کی وجہ تو بتا ہی دی ہو گی

جی

تو آپ کوشش کرے کہ میکائیل سر آپ کو رسپانس دے

میں ان سے کہو گی کیا.........مطلب حور کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ میکائیل سر سے کیا بات کرے گی

آپ ان سے کوئی بھی بات کر سکتی ہے اپنی ڈیلی روٹین شیئر کر سکتی ہے اور ان کی فیملی کے ساتھ ہونے والے حادثے کو قبول کرنے کی ہمت دے انہیں مجھے یقین ہے کہ وہ جلدی ٹھیک ہو جائے گے

اوکے

حور اندر داخل ہوئی آج بھی وہ کمبل میں لپٹے خاموشی سے لیٹے ہوئے تھے

Posted On Kitab Nagri

انکل.........انکل حور نے میکائیل کو پکارا لیکن ان کے وجود میں کوئی حرکت نہیں ہوئی حور میکائیل کے پاس جا کر بیٹھ گئی اور ان کے اٹھنے کا انتظار کرنے لگی لیکن جب کافی دیر تک کوئی رسپانس نہیں آیا تو حور کو اپنا یہاں ہونا فضول لگا

چلو بابا سے ہی مل لیتی ہو حور نے خود کلامی کی

میکائیل کے ہاتھوں میں لرزش ہوئی جو حور نے بخوبی نوٹ کی

انکل آپ ٹھیک ہے دیکھیں میں حور جو کل یہاں آئی تھی۔کل تو میں اپنے بابا سے ملنا آئی تھی لیکن آج آپ سے ملنے آئی ہو

ح۔ح۔حور میکائیل نے بڑی مشکل سے حور کا نام دھرایا میکائیل کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی

جی انکل

ڈاکٹر ارمان کی باتوں پر عمل کرتے ہوئے حور نے میکائیل سے باتیں شروع کر دی

انکل آپ کو پتہ ہے کل سے میں بہت خوش ہوں میرے بابا نے میرا رشتہ موحد سے ختم کر دیا ہے آپ کو پتا ہے موحد کون ہے۔چلے میں خود ہی بتا دیتی ہوں وہ ایک نمبر کا آوارہ لوفر اور بے روزگار قسم کا انسان ہے

میکائیل سر آپ کی میڈیسن کا ٹائم ہو گیا ہے ڈاکٹر ارمان نے آکر کہا

حور آپ یہ میڈیسن سر میکائیل کو کھلا دیں

جی ضرور

انکل یہ ٹیبلٹ منہ میں ڈالیں حور نے ٹیبلیٹ میکائیل کے منہ کے سامنے کی اور میکائیل نے آسانی سے وہ ٹیبلٹ کھالیں اور پھر حور نے انہیں پانی پلایا

Posted On Kitab Nagri

حور دو منٹ میری بات سننا ڈاکٹر ارمان نے کچھ دوری پر کھڑے ہو کر پکارا

ویری گڈ جوب حور تم بہت اچھا کر رہی ہو

ڈاکٹر مجھے اپنے بابا سے ملنا ہے تو میں جاؤں

جی لیکن صبح پھر آجائے جب آپ کے پاس ٹائم ہو

اوکے ڈاکٹر

بابا........حور کمرے میں داخل ہوئی

جی بابا کی جان آجاؤ

بابا اب آپ کیسے ہے

ٹھیک ہو بیٹا آپ کب آئی

جیجو چھوڑ گئے تھے پہلے میں میکائیل انکل کے پاس تھی پھر یہاں آگئی

ہاں بتایا تھا ارسلان نے میکائیل کے بارے میں

بابا آپ گھر کب آئیں گے

ارسلان بتا رہا تھا کہ شاید کل تک ڈسچارج کر دے

اوکے بابا

ارسلان سے کہو کہ تمہیں گھر لے جائے

نہیں بابا مجھے یہی رہنا ہے

Posted On Kitab Nagri

یہاں رک کر کیا کروں گی گھر چلی جاؤ احمد صاحب پیار سے بولے

جی عالیان صاحب حور آج آئی تھی اور میکائیل سر بھی بہتر لگ رہے تھے انہوں نے کچھ کہنے کی کوشش کی تھی اینڈ آئی ہوپ انہوں نے حور ہی کہا تھا ڈاکٹر ارمان نے عالیان کو دیکھتے ہوئے کہا

اوکے....... گریٹ روز آئے گی وہ لڑکی

جی سر

اوکے اب میں چلتا ہوں۔شاید میں کچھ دن نہ آسکوں کیونکہ نئے پروجیکٹ کے سلسلے میں مجھے دبئی جانا ہے ڈیڈ کے بارے میں مجھے فون کرتے رہیے گا

اوکے سر

آخر ایسا کیا ہے اس لڑکی میں جو بابا کی ریکوری کی وجہ بن رہا ہے عالیان سوچ میں پڑ گیا

احمد صاحب اب بالکل ٹھیک ہو گئے تھے اور میکائیل کی حالت پہلے سے بہتر تھی اب وہ اپنے ہاتھ سے ٹیبلٹ کھاتے تھے لیکن کسی سے بات نہیں کرتے تھے صرف حور کی بات پر تھوڑا سا مسکرا دیتے تھے

Posted On Kitab Nagri

وقت بڑے سے بڑا زخم بھر دیتا ہے لیکن اگر اس وقت میں کوئی اپنا ساتھ ہو تو زخم جلدی بھر جاتے ہیں

انکل آپ کو پتہ ہے زندگی کتنی حسین ہے ہمیشہ کی طرح آج بھی حور میکائیل سے باتیں کرنے میں مصروف تھی میں بتاؤ زندگی حسین نہیں ہوتی آپ خود اسے حسین بناتے ہیں مجھے پتا ہے کہ آپ اپنی فیملی کو بہت مس کرتے ہوں گے لیکن زندگی اور موت کا اختیار تو صرف اللہ کے پاس ہے ہم کسی کی موت کو روک تو نہیں سکتے اگر فرض کریں آپ ان کے ساتھ ہوتے تو کیا آپ ان کی موت کو روک لیتے

میں نے منع کیا تھا مت جاؤ۔ آخر کار جس گھڑی کا حور کو انتظار تھا وہ آ گئی تھی میکائیل نے اپنے منہ سے لفظ ادا کیے

حور کے چہرے پر بڑی سی مسکراہٹ نظر آئی

انکل........انکل آپ بول رہے ہیں دیکھئے آپ.....آپ بھول سکتے ہیں میں بتا نہیں سکتی میں کتنا خوش ہوں

وہ تو تمہارے چہرے سے پتہ چل رہا ہے پیچھے سے ڈاکٹر ارمان کی آواز آئی

دیکھیے ڈاکٹر ارمان میکائیل انکل بول رہے ہیں

مبارک ہو میکائیل سر اب آپ صحت یابی کے آخری مرحلے میں ہے میں ابھی عالیان کو بتا کر آتا ہوں ارمان یہ کہتے باہر چلے گئے

عالیان یہ کون ہے حور نے سوالیہ نظروں سے میکائیل کی جانب دیکھا

میرا بیٹا یہ کہہ کر میکائیل چپ ہو گئے اور چند منٹوں کی خاموشی کے بعد بولے

میں نے اس سے کہا تھا کہ آئس کریم کھانے مت جاؤ لیکن اس نے کہا کہ عائزہ ضد کر رہی ہے تو میں ماما اور عائزہ کو لے جاتا ہوں اور پھر........پھر یہ حادثہ ہو گیا میرا ان کے علاوہ اس دنیا میں کوئی نہیں تھا میں عالیان کو کبھی

Posted On Kitab Nagri

معاف نہیں کروں گا 25 سال کی عمر سے سب کچھ اکیلے سنبھالا ہے تب بھی میرے پاس کوئی نہیں تھا میکائیل کی آنکھوں میں آنسو آ گئے

انکل اس میں عالیان کی کیا غلطی ہے اگر ان کی موت لکھی جا چکی تھی تو اس کا ذمہ دار آپ عالیان کو کیسے ٹھہرا سکتے ہیں آپ نے بتایا کہ پچیس سال کی عمر میں آپ نے سب کچھ اکیلے سنبھالا آپ کے ساتھ کوئی نہیں تھا آج عالیان کو دیکھیں تو وہ بھی اکیلا ہے اس کے ساتھ بھی کوئی نہیں کھڑا تو کیا آپ کو اس کے ساتھ کھڑا نہیں ہونا چاہیے حور نے سوالیہ نظروں سے میکائیل کی جانب دیکھا

میکائیل رونے لگے

انکل.......انکل مت روئے پلیز انکل حور کی آنکھوں میں بھی آنسو آ گئے

ہیلو عالیان سر مبارک ہو میکائیل سر بالکل ٹھیک ہو گئے ہیں آج انہوں نے حور سے بات کی۔ آپ جلدی آ جائیں

اوکے میں آ رہا ہوں عالیان کی خوشی کی انتہا نہیں تھی لیکن وہ اپنے ڈیڈ کے سامنے جانے سے ہچکچا رہا تھا

روم نمبر 103 کے باہر کھڑا ہو کر عالیان نے گہرا سانس لیا اور پھر اندر داخل ہوا

میکائیل ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے حور انہیں کچھ کھلا رہی تھی

عالیان ان کو دیکھ کر چپ چاپ وہاں کھڑا رہا عالیان کی آنکھ سے ایک آنسو موتی کی طرح بہہ گیا

میکائیل نے عالیان کو دیکھا کمرے میں مکمل خاموشی چھا گئی کہ اگر کوئی سانس بھی لیتا تو اس کی بھی آواز آتی

Posted On Kitab Nagri

میکائیل نے دونوں بازو پھیلائیں اور عالیان بھاگ کر میکائیل کے گلے لگ گیا اپنے ڈیڈ کا لمس پا کر عالیان رو رہا تھا اور میکائیل اپنے بیٹے کی محبت میں

ان دونوں کو روتا دیکھ حور نے وہاں سے چلے جانا مناسب سمجھا

اب قدرت کی مہربانی کا وقت تھا دو وجود الجھن سے نکل چکے تھے

جاناں اٹھ جاؤ گیارہ بج گئے ہیں

سونے دو نہ آپیا

جاناں جلدی اٹھو دیکھو نیچے کون آیا ہے

کون آیا ہے میکائیل انکل اور ان کا بیٹا

حور ایک دم اٹھ کر بیٹھ گئی وہ......وہ کیوں آئے ہیں

یہ تو مجھے بھی نہیں پتا۔خود آکر پوچھ لو اور ہاں بابا کہہ رہے تھے اچھے سے تیار ہو کر آنا رباب نے حور کر آنکھ ماری اور نیچے کی طرف بھاگی

آپیا......حور زور سے چلائی اور پھر مسکرانے لگی

یقیناً انکل اس دن جلدی آنے کی وجہ پوچھنے آئے ہوں گے اور کافی دنوں سے میں ہاسپٹل بھی نہیں گئی حور نے سوچتے ہوئے کہاں

حور جلدی سے تیار ہو کر نیچے آئی

Posted On Kitab Nagri

اسلام و علیکم حور نے سلام کیا عالیان کی نظر اس کو اپنے باپ سے ملانے والی حور کی طرف اٹھی۔اس لڑکی کے حور ہونے میں کوئی شک نہیں تھا عالیان کو لگا کیونکہ وہ حور تھی اور حور تو خوبصورت ہی ہوتی ہے

وعلیکم السلام کیسی ہے میری بیٹی

میں ٹھیک ہوں انکل آپ کیسے ہیں

مجھے لگتا ہے روز روز ہاسپیٹل جا کر تنگ آچکی تھی کیوں صحیح کہہ رہا ہوں نہ میں

نہیں انکل ایسی بات نہیں ہے مجھے لگا کہ اب آپ کو میری ضرورت نہیں ہے

تم نے یہ سوچ بھی کیسے لیا۔اب تو تمہارے انکل کو تمہاری ضرورت ساری زندگی کے لیے ہے

جی.....حور نے نہ سمجھی میں کہا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

احمد صاحب میں آپ کی بیٹی کا ہاتھ اپنے عالیان کے لیے مانگتا ہوں

حور کی آنکھیں اس وقت عالیان کے چہرے کا طواف کر رہی تھی عالیان کے حور کی طرف دیکھنے پر حور نے فوراً نظریں جھکا لی عالیان کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی جی میکائیل صاحب اگر ہماری بیٹی راضی ہے تو ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہے

حور بیٹا کیا آپ اس رشتے کے لیے راضی ہے میکائیل کے حور سے پوچھا

جیسا بابا اور جیجو کو ٹھیک لگے حور یہ کہتی کچن کی جانب چلی گئی

مجھے یہ رشتہ منظور ہے احمد صاحب نے کہا

احمد صاحب میں شادی میں بہت دیر نہیں چاہتا بس جلدی سے نکاح کی تاریخ فائنل کریں

جیسا آپ کو ٹھیک لگے

تو اس ماہ کی 15 تاریخ کو عالیان اور حور کا نکاح کیسا رہے گا

جی ٹھیک ہے میکائیل صاحب

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

انکل وہ.......موحد ارسلان جلدی جلدی میں اندر داخل ہوا

کیا ہوا موحد کو

انکل موحد کی ڈیتھ ہو گئی ہے

ڈیتھ...... لیکن کیسے

پتہ چلا ہے کہ وہ ڈرگس لیتا تھا اور کل رات زیادہ ڈرگس لے لی تو اس وجہ سے ڈیتھ ہو گئی

کیچن میں کھڑی حور کے ہاتھ کانپنے لگے۔بے شک اللہ جی میں نے کہا تھا کہ میری شادی اس سے نہ ہو لیکن میں نے کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ اس کی ڈیتھ ہو جائے گی

اللہ اس کی بخشش فرمائے رباب نے کچن میں داخل ہوتے ہوئے کہا

آمین حور کی زبان سے یہ لفظ ادا ہوئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گھر میں شادی کی تیاریاں عروج پر تھی اور حور بھی بہت خوش تھی کہ عالیان جیسا لڑکا اس کا نصیب تھا

آنی آپ کا پرنس آرہا ہے نہ جو آپ کو یہاں سے دور لے جائے گا

جی میری جان حور نے مسکراتے ہوئے کہا

مونسٹر کو پرنس نے مار دیا

نہیں میری جان وہ خود ہی مر گیا

Posted On Kitab Nagri

عالیان کے بارے میں کوئی خبر ملی تانیہ نے زوہیب سے پوچھا

دو دن بعد اس کی شادی ہے

اوکے تھینک یو

میں بھی دیکھتی ہو عالیان کیسے کرتے ہو تم شادی تانیہ نے خود کلامی کی

ہیلو صباء آرہی ہو نا میری شادی پر

سوری حور میں نہیں آسکتی

کیوں.....اگر تم نہ آئی تو میں تم سے ناراض ہو جاؤ گی اور آئندہ مجھے کال بھی نہ کرنا

حور....... سمجھنے کی کوشش کرو پہلے بہت مشکل سے دوبئی میں سیٹ ہوئے ہے اور اب عامر کی جاب بھی اچھی جا رہی ہے

تم اکیلی آجاؤ حور نے صباء کو ٹوکا

تمھیں تو پتا ہے دانیال مجھ اکیلی سے نہیں سنبھالا جاتا

تو یہاں میں بھی ہو دانیال کو میں دیکھ لو گی

ہاں مجھ پتا ہے۔اگر میں وہاں آگئی تو دانیال کے ساتھ ساتھ مجھے تمھیں بھی سنبھالنا پڑے گا

اب ایسی بھی بات نہیں ہے صباء

Posted On Kitab Nagri

حور سمجھنے کی کوشش کرو

اوکے لیکن میں تمہیں بہت مس کروگی

ویسے میرے ہونے یا نہ ہونے سے تمھیں کوئی فرق نہیں پڑے گا کیونکہ تمھارے لیے خوشیوں کی وجہ تو تمہارا پرنس ہے صباء نے یہ لفظ ادا کیے ہی تھے کہ صباء اور حور بیک وقت ہنسنے لگی

بائے ڈئیر فرینڈ شادی مبارک

بارات آگئی ہے جاناں رباب نے حور کے کان میں کہا

حور بہت نروس ہو رہی تھی آج اسے صباء کی باتیں یاد آرہی تھی

مولوی صاحب نے نکاح پڑھایا آج وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے عالیان کے نام لکھ دی گئی تھی اب وہ عالیان کی حور تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مسٹر عالیان تمہیں کیا لگتا ہے میری زندگی برباد کر کے تم اتنی آسانی سے خوش رہ لوگے میں ایسا کبھی نہیں ہونے دوں گی تانیہ نے غصے میں کہا

عالیان نے جب شادی میں تانیہ کو دیکھا تو واش روم کا بہانہ بنا کر یہاں آیا

Posted On Kitab Nagri

تم جانتے تھے کہ میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں اپنی شادی سے بھی تمہارے لئے بھاگی تھی تمہارے لیے میں نے وہ گھٹیا سیکرٹری کی جاب کی تاکہ تمہارے پاس رہ سکوں لیکن تم نے کبھی ایک بار نظر اٹھا کر بھی مجھے نہیں دیکھا

حور میری زندگی میں آنے والی پہلی عورت ہو گئی جسے میں ماما اور عائزہ جتنی محبت کر سکوں گا لیکن وہ عورت تم کبھی نہیں ہو سکتی جو عورت اپنی خود عزت نہ کرے وہ کسی دوسرے شخص سے یہ توقع کیسے کر سکتی ہے

میں حور کو بتاؤں گی کہ عالیان ایک نہایت مطلب پرست انسان ہے

تم بتا سکتی ہوں جب میں نے کچھ غلط نہیں کیا تو مجھے کسی بات کا ڈر نہیں

لیکن بدگمانی ایک بار عورت کے دل میں پیدا ہو جائے تو اسے دور کرنا مشکل ہوتا ہے تانیہ نے کہا اور چلی گئیں

وہ عالیان کو یہ کہتی سیدھا برائیڈل روم میں داخل ہوئی جہاں حور بیٹھی ہوئی تھی

ایکسکیوزمی حور....... حور جو آنکھیں بند کر کے نہ جانے کیا سوچ رہی تھی تانیہ کے بلانے پر سیدھی ہوئی

میرا نام تانیہ ہے مجھے تم سے بات کرنی تھی تم میرے بارے میں کچھ نہیں جانتی لیکن میں تمہیں ایک سچ بتانے آئی ہو عالیان سے شادی کر کے تم نے بہت بڑی غلطی کی ہے عالیان ایک ایسا لڑکا ہے جس کے لئے لڑکیاں پرانی جوتی کی مانند ہے اس نے مجھے شادی کے سپنے دیکھا کر میرے ساتھ....... ابھی تانیہ کچھ کہتی حور نے ایک زوردار تھپڑ تانیہ کے منہ پر مارا

ایکسکیوزمی تا.......... نیہ میرے ہزبینڈ کے بارے میں ایک بھی غلط لفظ اپنے منہ سے مت نکالنا عالیان کے ماضی میں کیا تھا یہ مجھے تم سے جاننے کی ضرورت نہیں ہے

جاناں رخصتی کا وقت ہو گیا ہے رباب حور کو اپنے ساتھ لے گئی

Posted On Kitab Nagri

ویلکم ٹو مائے لائف عالیان کی حور۔عالیان نے محبت بھرے لہجے میں کہا

تھینک یو ڈیئر ہسبینڈ حور پھر حور تھی کیسی خاموش رہ پاتی

عالیان کا مسلسل حور کی طرف دیکھنا حور کو ڈسٹرب کر رہا تھا حور کو خیال آیا

آج نکاح کے وقت تانیہ آئی تھی حور ایک دم سنجیدہ ہو گئی

کیا کہہ رہی تھی عالیان بھی سنجیدہ ہو گیا

یہی کہ تمہارا ہسبینڈ بہت کیرینگ ہے تمہیں بہت خوش رکھے گا

تانیہ یہ کہہ رہی تھی عالیان کو حیرانی ہوئی

کیوں اسے کچھ اور کہنا چاہیے تھا

نہیں میرا مطلب......عالیان خاموش ہو گیا

حور میں تمھیں کچھ بتانا چاہتا ہو دراصل تانیہ.......

تانیہ تمہاری سیکرٹری تھی اور تم پر دل وجان سے مر مٹی تھی یہی نہ حور نے عالیان کی جانب دیکھا

مجھے تمہیں پہلے ہی بتا دینا چاہیے تھا عالیان کی نظریں جھک گئیں

اگر لڑکا تم جیسا ہنڈسم ہو تو دل بے ایمان ہو ہی جاتا ہے حور نے مسکراتے ہوئے کہا

عالیان نے نظریں اٹھا کر حور کی طرف دیکھا جو مسکرا رہی تھی

میں نے آپ کی ساری باتیں سن لی تھی حور نے مسکراتے ہوئے بتایا

حور بری بات چھپ کر کسی کی باتیں نہیں سنتے

لیکن میری امی کہتی ہے کہ شوہر پر ہر وقت نظر رکھنی چاہیے

Posted On Kitab Nagri

اچھا نظریں کیسے رکھتے ہے میں تمہیں بتاتا ہو

عالیان حور کی طرف بڑھا اور حور واش روم کی طرف بھاگی

جچتا تھا غصہ اس پر

متاثر کن تھی شخصیت اس کی

راج کمار تھا وہ اپنی ریاست کا

شہزادہ تھا وہ حور کا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595